DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28.05.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ریسرچ پر مبنی علم کے حصول کی کوئی سرحد نہیں ہوتی، گورنر مندوخیل | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | دشمن پاک سرزمین کو نقصان پہنچانے کی غلط فہمی میں نہ رہے، وزیراعلیٰ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | 28 مئی قومی عزم، اتحاد اور استقامت کی علامت ہے، سلیم کھوسہ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | نوشکی میں فائرنگ بچوں کے روشن کل پر حملہ ہے، ظہور بلیدی | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | طلبا کا چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تیار ہونا ضروری ہے، راحیلہ درانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | یوم تکبیر پاکستان کی دفاعی طاقت کا مظہر ہے، سردار کھیتر ان | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | پولیو ٹیم پر حملے کسی صورت برداشت نہیں، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | امن کے قیام کیلئے مضبوط دفاع ناگزیر ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | لوکل گورنمنٹ کی گرانٹ میں اضافہ کیا جائے، شعیب نوشیروانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | باتوں نہیں عملی اقدامات سے تبدیلی کا سفر شروع کر دیا، علی حسن | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | کوئٹہ میں جلد غیر قانونی رکشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کریں گے، لیاقت لہڑی | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | انسداد پولیو مہم کو مزید موثر اور کامیاب بنایا جائے، ڈی سی کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | صفاء کوئٹہ کے عملے کو زدوکوب کرنا ناقابل برداشت عمل ہے، کمشنر کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | نوشکی پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار فائرنگ سے شہید | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بی ایف اے کا کوئٹہ میں سیوریج واٹر سے سبزیوں کی کاشت پر شکنجہ سخت | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | لشکری رئیسانی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان کر دیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان کو مساوی حقوق دینے ہونگے، ہدایت الرحمان | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | بے چینی مایوسی پھیلنے سے پہلے عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے، اے این پی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن و امان:

نوشکی انسداد پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار فائرنگ سے شہید، نصیر آباد پولیس کی کارروائی پان پراگ ایرانی سگریٹ برآمد، ملزم گرفتار، کوئٹہ صفائی کرنے والی ٹیم پر شاپنگ سنٹر کے مالک ودیگر کا حملہ 12 افراد زخمی، تربت دکان پر فائرنگ سے نوجوان زخمی،

## عوامی مسائل:

نوکچا سے نوشکی تا لکپاس شاہراہ کی تعمیر میں تاخیر، حادثات اور دیگر مشکلات کا سامنا، کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پانی کا بحران سر اٹھانے لگا، جناح روڈ کوئٹہ پر دکانداروں کا راج فٹ پاتھ پر بھی قبضہ ریڑھیاں لگا کر آمدورفت بند کر دیا

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے " **دہشت گردی کے واقعات** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ بازار میں اتوار کے روز نصب کئے گئے بم دھماکے میں چار افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہوگئے لیویز ذرائع کے مطابق واقعہ میں متعدد دکانیں گر گئیں اور کئی ایک کو آگ لگ گئی دھماکے کے بعد مسلح افراد اور ایف سی اہلکاروں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا علاقے میں ہیلتھ سہولیات کی کمی کے باعث زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کرنا پڑا۔اسی روز ضلع پنجگور میں ہونے والے فائرنگ کے دو الگ الگ واقعات میں دہشت گردوں کے ہاتھوں تین افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ہے فائرنگ کے ضمن میں اس سے قبل بھی صوبے میں مختلف واقعات دیکھے جا چکے ہیں جبکہ موجودہ صورتحال مزید باعث تشویش دکھائی دیتی ہے کیونکہ دو روز قبل قلات کے علاقے کلی مکئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہوئے۔کچھ عرصے سے صوبے کی سرحدی علاقوں میں ہونے والی دہشت گردی میں بھی ایسے ہی شواہد دیکھنے کو ملے ہیں،وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کے خدشات کی روشنی میں بھارت آنیوالے دنوں میں ملک کے مختلف شہروں میں دہشت گردی کروا سکتا ہے جس میں دشمن بم دھماکوں،خودکش حملوں اور فائرنگ کو ہتھیار بنا سکتا ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ میزان کوئٹہ " **وزیر اعلیٰ بلوچستان کی تعلیم کے فروغ کیلئے موثر اقدامات** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ "**نوشکی میں پولیو ٹیم پولیس اہلکار کی شہادت شدت پسندوں کا پولیو مہم سبوتاژ کرنے کی سازش** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ " **یوم تکبیر کا پورا مہینہ** " کے عنوان سے طارق خان ترین کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ " **جنوبی بلوچستان (ترقی اور سیکورٹی ایک مشترکہ ذمہ داری سمینیار** " کے عنوان سے نسیم الحق زاہدی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 28 MAY 2025

Page No.


## ریسرچ پر مبنی علم کے حصول کی کوئی سرحد نہیں ہوتی، گورنر مندوخیل

**بلوچستان میں محفوظ مستقبل کیلئے سنجیدہ فیصلے کررہے ہیں، پیکنگ یونیورسٹی بیجنگ میں خطاب**

بیجنگ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ یونیورسٹیز قوموں کی تقدیر سنوارنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں اعلیٰ تعلیمی ادارے محض سیکھنے کے ادارے نہیں بلکہ یہ تحقیق، تخلیق اور جدت و جدیدیت کے انکیو بیٹرز ہیں جو ترقی پسند و مساویانہ معاشرے کی بنیاد ڈالتی ہیں اور ایک روشن مستقبل کیلئے امید کی کرن کا کام کرتی ہیں آج چین کی ایک قدیم اور باوقار پیکنگ یونیورسٹی کو دیکھنے کے بعد یقین ہوا کہ ریسرچ پر مبنی علم کے حصول کی کوئی سرحد نہیں ہوتی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیجنگ میں پیکنگ یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر کیا اس موقع پر سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، میر عاصم کرد گیلو، نواب چنگیز خان مری عوامی نیشنل پارٹی کے داؤد خان اچکزئی، اور چیئرمین فرینڈز آف چائنا بایزید خان کاسی بھی گورنر کے ہمراہ تھے گورنر نے کہا کہ بلوچستان کے بہتر مستقبل کی تعمیر کیلئے جدید علم اور تحقیق کی طاقت کا استعمال کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہے ہیں ہم اپنے نوجوانوں میں ایجادات اور تخلیقات کے جذبہ و ولولہ کو آگے بڑھانے اور محفوظ مستقبل کو یقینی بنانے کیلئے سنجیدہ فیصلے کر رہے ہیں روس اور چائنا وغیرہ جیسے ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ ہمارا تعلیمی معاہدوں سے بلوچستان کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کو نالج اینڈ ریسرچ کے حقیقی مراکز بنانے میں فکری رہنمائی ملے گی گورنر نے پیکنگ یونیورسٹی کے پروفیسر ٹینگ مینگشینگ (Prof Teng Mengsheng) اور ان کی پوری ٹیم کو ان کی محنت اور لگن کیلئے لائق تحسین قرار دیا واضح رہے کہ پیکنگ یونیورسٹی دراصل چائنا کی دوسری قدیم یونیورسٹی ہے جو اس وقت تقریباً اسی ہزار اسٹوڈنٹس کے ذہنوں کو سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی روشنی سے روشن کر رہی ہے۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ پیکنگ یونیورسٹی بیجنگ اور بیوٹمز بلوچستان کو ایک مفاہمتی یادداشت کے ذریعے "سسٹر یونیورسٹیز" قرار دیے ہیں۔ اس شراکت داری کے بہت جلد مثبت نتائج برآمد ہونگے۔ اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے طلباء و طالبات کیلئے اسکالرشپس پر بھی بات ہوئی جس سے روشن مستقبل کے امکانات پیدا ہوئے۔



گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل چین کے دارالحکومت بیجنگ میں پیکنگ یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر پروفیسر ٹینگ مینگ شینگ اور ان کی ٹیم کیساتھ گفتگو میں


MASHRIQ QUETTA


# یونیورسٹیز قوموں کی تقدیر بدلنے اور مساویانہ معاشرے کی بنیاد ڈالتی ہیں، گورنر

**ہم اپنے صوبے کے بہتر مستقبل کی تعمیر کیلئے جدید علم و تحقیق کی طاقت کا استعمال کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہے ہیں، جعفر خان مندوخیل**

**ہمارے تعلیمی معاہدوں سے بلوچستان کی پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کو نالج اینڈ ریسرچ کے حقیقی مراکز بنانے میں فکری رہنمائی ملے گی**

**گورنر بلوچستان کا بیجنگ میں پیکنگ یونیورسٹی کا دورہ، ڈاکٹر مالک بلوچ، صادق عمرانی، عاصم کرد گیلو، داؤد خان اچکزئی، چنگیز خان مری بھی ہمراہ**

بیجنگ/کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے چین کے وفاقی دارالحکومت بیجنگ میں پیکنگ یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر کہا کہ یونیورسٹیز قوموں کی تقدیر سنوارنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں اعلیٰ تعلیمی ادارے محض سیکھنے کے ادارے نہیں بلکہ یہ تحقیق و تخلیق اور جدت و جدیدیت کے انکیوبیٹرز ہیں جو ترقی پسند و مساویانہ معاشرے کی بنیاد ڈالتی ہیں اور ایک روشن مستقبل کیلئے امید......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر




گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بیجنگ میں پیکنگ یونیورسٹی کے دورے کے موقع (Pro Teng Mengshong) اور ان کی ٹیم کیساتھ گفتگو کر رہے ہیں

کی کرن کا کام کرتی ہیں آج ہمیں چین کی ایک قدیم اور باوقار پیکنگ یونیورسٹی کو دیکھنے کے بعد یہ یقین ہوا کہ ریسرچ پر مبنی علم کے حصول کی کوئی سرحد نہیں ہوتی ان خیالات کا اظہار آج انہوں نے چین کے دارالحکومت بیجنگ میں پیکنگ یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر کیا۔ دورے موقع پر سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزرا میر صادق عمرانی، میر عاصم کرد گیلو، عوامی نیشنل پارٹی کے داؤد خان اچکزئی، نوابزادہ چنگیز خان مری اور چیئرمین فرینڈز آف چائنا بایزید خان کاسی بھی گورنر بلوچستان کے ہمراہ تھے۔ واضح رہے کہ پیکنگ یونیورسٹی دراصل چائنا کی دوسری قدیم یونیورسٹی ہے جو اس وقت تقریباً 80 ہزار سٹوڈنٹس کے ذہنوں کو سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی روشنی سے روشن کر رہی ہے۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ پیکنگ یونیورسٹی بیجنگ اور بیوٹمز یونیورسٹی بلوچستان کو ایک مفاہمتی یادداشت کے ذریعے "سسٹر یونیورسٹیز" قرار دیے ہیں اس شراکت داری کے بہت جلد مثبت نتائج برآمد ہونگے اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے طلباء و طالبات کیلئے اسکالرشپس پر بھی بات ہوئی جس سے روشن مستقبل کے امکانات پیدا ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم اپنے صوبے کے بہتر مستقبل کی تعمیر کیلئے جدید علم اور تحقیق کی طاقت کا استعمال کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہے ہیں

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 — بدھ 30 ذیقعد 1446ھ 28 مئی 2025ء — نمبر 146


# دشمن پاک سرزمین کو نقصان پہنچانے کی غلط فہمی میں نہ رہے، وزیر اعلیٰ بگٹی

بلوچستان کے عوام کو بہادر مسلح افواج پر فخر

کوئٹہ (جنگ نیوز) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے 28 مئی 1998 کو پاکستان میں ہونے والے ایٹمی دھماکوں کی مناسبت سے قومی [illegible]

[illegible]



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان میں سرمایہ کاری کے رجحان سے متعلق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

الله ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 53 | ہفتہ 30 ذیقعدہ 1446ھ 28 مئی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 330

BC-m-11 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | PTCL: 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے




# دشمن پاک سرزمین کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا، وزیر اعلیٰ

## پاکستان سرحدوں کی حفاظت اور اپنی سالمیت برقرار رکھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے

## حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے 28 مئی 1998 کو پاکستان میں ہونے والے ایٹمی دھماکوں کی مناسبت سے قومی یوم ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 165 | بدھ، 30 ذیقعد، 28 مئی 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق منعقدہ تقریب کے موقع پر بزنس کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں

# سرمایہ کاروں کو مناسب اور سازگار ماحول فراہم کرینگے، وزیراعلیٰ

## سرمایہ کار یہاں صنعتیں قائم کریں، کان کنی، شمسی توانائی، آئل اینڈ گیس سمیت مختلف شعبوں میں بھرپور مواقع ہیں

## صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے بھرپور انداز سے کاوشیں جاری ہیں، بزنس کمیونٹی سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے عہدیداروں نے ملاقات کی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز سمیت بلوچستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران بھی اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر سانحہ خضدار کے شہداء کی روح کے ایصال ثواب کے لیے دعا بھی کی گئی وزیراعلیٰ نے بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے ان کے بلوچستان آمد پر انہیں خوش آمدید کہا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے گی اور بزنس کمیونٹی کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق ان کی بہترین تجاویز کا خیر مقدم بھی کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبے میں اسپیشل اکنامک زونز کی ڈویلپمنٹ میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں صوبے میں کان کنی، شمسی توانائی اور آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے تاکہ قانونی تجارت کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ سرمایہ کار صوبے میں صنعتیں قائم کریں یہاں صنعتوں کے قیام سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد انہیں ہنرمند بنا کر انہیں روزگار کی فراہمی میں آسانی پیدا کرنی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے بھرپور انداز سے کاوشیں جاری ہیں اور صوبائی حکومت کی روز اول سے یہ ترجیح رہی ہے کہ تمام سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے لیے مناسب اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کے صدر اور دیگر عہدیداروں نے وزیراعلیٰ کی کاوشوں کو سراہا وزیراعلیٰ نے وائس چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلال خان کاکڑ کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے ان کے کاوشوں کی خصوصی طور پر تعریف کی اس موقع پر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے پیٹرن انچیف نے وزیراعلیٰ کو سوینیئر بھی پیش کیے۔

# یوم تکبیر ملک کی بے غرض خدمت کا درس دیتا ہے، سرفراز بگٹی

## ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں، ایٹمی صلاحیت طاقت کا توازن برقرار رکھنے کیلئے ہے

## دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے کہ وہ پاک سرزمین کو کبھی نقصان پہنچا سکتا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے 28 مئی 1998 کو پاکستان میں ہونے والے ایٹمی دھماکوں کی مناسبت سے قومی سطح پر منائے جانے والے یوم تکبیر پر اہل وطن کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے مسلح افواج اور ان تمام لوگوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

جنہوں نے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں اپنی بے لوث خدمات سرانجام دیتے ہوئے تمام مشکلات کے خلاف ثابت قدم رہے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہے اور پاکستان کی ایٹمی صلاحیت جنوبی ایشیائی خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے کے لیے ہے انہوں نے کہا کہ 28 مئی کے ایٹمی دھماکوں سے پاکستان نے تمام ملک دشمن قوتوں پر واضح کر دیا کہ پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت اور اپنی سالمیت برقرار رکھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ مسلح افواج اور ہمارے ایٹمی سائنسدانوں نے جو قابل ستائش اور تاریخی کارنامہ سرانجام دیا وہ قوم اور آنے والی نسلوں کے لیے بھی قابل فخر ہے انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں پاکستان کی ترقی سالمیت اور خوشحالی کے لیے اجتماعی طور پر بے لوث اور بے غرض خدمت کرنے کا درس دیتا ہے اور ہر پاکستانی میں یہ جذبہ اجاگر کرتا ہے کہ وہ ملک کے دفاع اور حفاظت کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کرے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی عوام کو بہادر مسلح افواج پر فخر ہے اور انہوں نے ہمیشہ پاک فوج کے خلاف ہر پروپیگنڈے کی بھرپور نفی کی ہے انہوں نے پاکستان کی بھارت کے خلاف تاریخی فتح پر پوری قوم کو مبارکباد دی ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا دفاع ہماری بہادر افواج کے ہاتھ میں ہے اور دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے کہ وہ اس پاک سرزمین کو کبھی نقصان پہنچا سکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Da

Bullet No. 1

Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 28 مئی 2025ء بمطابق 30 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 146




کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بزنس کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں

# بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے بزنس کمیونٹی کی تجاویز کا خیر مقدم کرینگے

میر سرفراز بگٹی

## صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سازگار ماحول فراہم کریگی، صوبے میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں

## حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور اسمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے، وزیراعلیٰ کی بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے عہدے داروں نے یہاں ملاقات کی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز سمیت بلوچستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدے داران بھی اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر سانحہ خضدار کے شہداء کی روح کے ایصال ثواب کے لئے دعا بھی کی گئی وزیراعلیٰ نے بزنس کیمونٹی سے خطاب کرتے ہوئے ان کے بلوچستان آمد پر انہیں خوش آمدید کہا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

فراہم کرے گی اور بزنس کیمونٹی کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق ان کی بہترین تجاویز کا خیر مقدم بھی کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبے میں اکنامک زونز کی ڈیولپمنٹ میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں صوبے میں کان کنی، شمسی توانائی اور آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے تاکہ قانونی تجارت کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ سرمایہ کار صوبے میں صنعتیں قائم کریں یہاں صنعتوں کے قیام سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے سکل ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد انہیں ہنرمند بنا کر انہیں روزگار کی فراہمی میں آسانی میسر کرنی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے بھرپور انداز سے کاوشیں جاری ہیں اور صوبائی حکومت کی روز اول سے یہ ترجیح رہی ہے کہ تمام سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے لیے مناسب اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کے صدر اور دیگر عہدے داران نے وزیراعلیٰ کی کاوشوں کو سراہا وزیراعلیٰ نے وائس چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلال خان کاکڑ کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے ان کے کاوشوں کی خصوصی طور پر تعریف کی اس موقع پر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے پیٹرن انچیف نے وزیراعلیٰ کو سوینیرز بھی پیش کیے۔

# قوم کو یوم تکبیر مبارک، پاکستان کا دفاع مضبوط ہے، سرفراز بگٹی

## پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت اور اپنی سالمیت برقرار رکھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے 28 مئی 1998 کو پاکستان میں ہونے والے ایٹمی دھماکوں کی مناسبت سے قومی سطح پر منائے جانے والے یوم تکبیر پر اہل وطن کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے مسلح افواج اور ان تمام لوگوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے جو ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بقیہ نمبر 16 صفحہ 5 پر

بنانے میں اپنی بے لوث خدمات سرانجام دیتے ہوئے تمام مشکلات کے خلاف ثابت قدم رہے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہے اور پاکستان کی ایٹمی صلاحیت جنوبی ایشیائی خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے کے لیے ہے انہوں نے کہا کہ 28 مئی کے ایٹمی دھماکوں سے پاکستان نے تمام ملک دشمن قوتوں پر واضح کر دیا کہ پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت اور اپنی سالمیت برقرار رکھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ مسلح افواج اور ہمارے ایٹمی سائنسدانوں نے جو قابل ستائش اور تاریخی کارنامہ سرانجام دیا وہ قوم اور آنے والی نسلوں کے لئے بھی قابل فخر ہے انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں پاکستان کی ترقی سالمیت اور خوشحالی کے لئے اجتماعی طور پر بے لوث اور بے غرض خدمت کرنے کا درس دیتا ہے اور ہر پاکستانی میں یہ جذبہ اجاگر کرتا ہے کہ وہ ملک کے دفاع اور حفاظت کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کریگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | بدھ 28 مئی 2025ء بمطابق 30 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 145

# بلوچستان حکومت سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول فراہم کریگی میر سرفراز بگٹی

صوبے میں اکنامک زونز کی ڈویلپمنٹ میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں، صوبائی حکومت نے نوجوانوں کیلئے سکیل ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے

**صوبائی حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے جس کا مقصد عوام کو روزگار کی فراہمی کا ماحول فراہم کیا جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے عہدے داروں نے یہاں ملاقات کی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز سمیت بلوچستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدے داران بھی اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر سانحہ خضدار کے شہداء کی روح کے ایصال ثواب کے لئے دعا بھی کی گئی وزیراعلیٰ نے بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے ان کے بلوچستان آمد پر انہیں خوش آمدید کہا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول فراہم کرے گی اور بزنس کمیونٹی کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق ان کی بہترین تجاویز کا خیر مقدم بھی کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبے میں اکنامک زونز کی ڈیولپمنٹ میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں صوبے میں کان کنی، شمسی توانائی اور آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے تاکہ قانونی تجارت کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ سرمایہ کار صوبے میں صنعتیں قائم کریں یہاں صنعتوں کے قیام سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے سکل ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد انہیں ہنرمند بنا کر انہیں روزگار کی فراہمی میں آسانی میسر کرنی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے بھرپور انداز سے کاوشیں جاری ہیں اور صوبائی حکومت کی روز اول سے یہ ترجیح رہی ہے کہ تمام سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے لیے مناسب اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کے صدر اور دیگر عہدے داران نے وزیراعلیٰ کی کاوشوں کو سراہا وزیراعلیٰ نے وائس چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلال خان کاکڑ کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے ان کے کاوشوں کی خصوصی طور پر تعریف کی اس موقع پر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے پیٹرن انچیف نے وزیراعلیٰ کو سوینیرز بھی پیش کیے۔

# پاکستان کا دفاع مضبوط ہے یوم تکبیر ہماری آنیوالی نسلوں کیلئے بھی قابل فخر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کی عوام کو بہادر مسلح افواج پر فخر ہے اور انہوں نے ہمیشہ پاک فوج کے خلاف ہر پروپیگنڈے کی بھرپور نفی کی ہے

**ہمارا دفاع ہماری بہادر افواج کے ہاتھ میں ہے اور دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے کہ وہ اس پاک سرزمین کو کبھی نقصان پہنچا سکتا' یوم تکبیر پر پیغام**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے 28 مئی 1998 کو پاکستان میں ہونے والے ایٹمی دھماکوں کی مناسبت سے قومی سطح پر منائے جانے والے یوم تکبیر پر اہل وطن کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے مسلح افواج اور ان تمام لوگوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے جنہوں نے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں اپنی بے لوث خدمات سرانجام دیتے ہوئے تمام مشکلات کے خلاف ثابت قدم رہے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہے اور پاکستان کی ایٹمی صلاحیت جنوبی ایشیائی خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے کے لیے ہے انہوں نے کہا کہ 28 مئی کے ایٹمی دھماکوں سے پاکستان نے تمام ملک دشمن قوتوں پر واضح کر دیا کہ پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت اور اپنی سالمیت برقرار رکھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ مسلح افواج اور ہمارے ایٹمی سائنسدانوں نے جو قابل ستائش اور تاریخی کارنامہ سرانجام دیا وہ قوم اور آنے والی نسلوں کے لئے بھی قابل فخر ہے انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں پاکستان کی ترقی سالمیت اور خوشحالی کے لئے اجتماعی طور پر بے لوث اور بے غرض خدمت کرنے کا درس دیتا ہے اور ہر پاکستانی میں یہ جذبہ اجاگر کرتا ہے کہ وہ ملک کے دفاع اور حفاظت کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کرے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی عوام کو بہادر مسلح افواج پر فخر ہے اور انہوں نے ہمیشہ پاک فوج کے خلاف ہر پروپیگنڈے کی بھرپور نفی کی ہے انہوں نے پاکستان کی بھارت کے خلاف تاریخی فتح پر پوری قوم کو مبارکباد دی ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا دفاع ہماری بہادر افواج کے ہاتھ میں ہے اور دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے کہ وہ اس پاک سرزمین کو کبھی نقصان پہنچا سکتا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | بدھ 28 مئی 2025ء بمطابق 30 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-145

# صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول فراہم کرے گی

وزیراعلیٰ بلوچستان

**حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی، سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے، صوبے میں کان کنی، شمسی توانائی اور آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں**

**صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ سرمایہ کار صوبے میں صنعتیں قائم کریں یہاں صنعتوں کے قیام سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، نوجوانوں کے لیے سکل ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے**

**صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے بھرپور انداز سے کاوشیں جاری ہیں صوبائی حکومت کی روز اول سے یہ ترجیح رہی ہے کہ سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے لیے مناسب ماحول فراہم کیا جائے**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے عہدے داروں نے یہاں ملاقات (بقیہ نمبر20 صفحہ نمبر2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق منعقدہ تقریب کے موقع پر بزنس کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں

کی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز سمیت بلوچستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدے داران بھی اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر سانحہ خضدار کے شہداء کی روح کے ایصال ثواب کے لئے دعا بھی کی گئی وزیر اعلیٰ نے بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے ان کے بلوچستان آمد پر انہیں خوش آمدید کہا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول فراہم کرے گی اور بزنس کمیونٹی کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق ان کی بہترین تجاویز کا خیر مقدم بھی کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبے میں اکنامک زونز کی ڈیولپمنٹ میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں صوبے میں کان کنی، شمسی توانائی اور آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے تاکہ قانونی تجارت کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ سرمایہ کار صوبے میں صنعتیں قائم کریں یہاں صنعتوں کے قیام سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے سکل ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد انہیں ہنر مند بنا کر انہیں روزگار کی فراہمی میں آسانی میسر کرنی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے بھرپور انداز سے کاوشیں جاری ہیں اور صوبائی حکومت کی روز اول سے یہ ترجیح رہی ہے کہ تمام سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے لیے مناسب اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کے صدر اور دیگر عہدے داران نے وزیر اعلیٰ کی کاوشوں کو سراہا وزیر اعلیٰ نے وائس چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلال خان کاکڑ کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے ان کے کاوشوں کی خصوصی طور پر تعریف کی اس موقع پر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے پیٹرن انچیف نے وزیر اعلیٰ کو سووینیرز بھی پیش کیے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph. 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32834518

جلد نمبر 37 | بروز منگل 27 مئی 2025ء بمطابق 29 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 145


# خضدار اسکول حملہ، وزیراعلیٰ کا امداد کا اعلان، ملک دہشت گردی کا شکار ہے

فیصل کنڈی

## گورنر کے پی کے کی کوئٹہ آمد، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کے ہمراہ سی ایم ایچ پہنچ کر سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کی، خیریت بھی دریافت کی

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے سانحہ کے شہداء کیلئے دس دس لاکھ اور زخمیوں کیلئے پانچ پانچ لاکھ روپے دینے کا اعلان، لواحقین سے اظہار ہمدردی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اراکین اسمبلی علی مدد جتک، میر زابد علی ریکی سینیٹر شاہ زیب درانی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر چنگیز خان جمالی بھی اس موقع پر موجود تھے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ علاوہ ازیں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی ایک روزہ

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

دورے پر کوئٹہ پہنچ گئے ہیں جس کے بعد گورنر خیبر پختونخوا اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور گورنر کے پی کے نے سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سانحہ خضدار کے شہداء کے لیے دس دس لاکھ اور زخمیوں کے لیے پانچ پانچ لاکھ روپے کا اعلان اعلان کرتے ہوئے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے معصوم بچوں کو نشانہ بنا کر اپنی بزدلی کا ثبوت دیا ہے۔ بلوچستان کے لوگ امن پسند اور محب وطن ہیں ہم اپنے معصوم شہداء کے مقدس خون کے قرضدار ہیں اور ہمیں انکی قربانی پر فخر ہے انہوں نے کہا کہ مٹھی بھر دہشت گردوں اور انکے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر شہید بچوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا۔ اس موقع پر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شہداء کے خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ ہمارا ملک اندرونی اور بیرونی دہشتگردی کا شکار ہے ہماری افواج نے بیرونی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے ایسے ہی ہماری بہادر فوج ان اندرونی تخریب کاروں کو بھی انکے منطقی انجام تک پہنچائے گی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سانحہ خضدار کی زخمی بچی کی عیادت کر رہے ہیں گورنر کے پی ہمراہ ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 28 MAY 2025 Page No. 9


## 28 مئی: قومی عزم، اتحاد اور استقامت کی علامت ہے، سلیم کھوسہ

**نواز شریف نے جرات مندانہ فیصلہ کرکے دفاعی صلاحیت کو ناقابل تسخیر بنا دیا، صوبائی وزیر کا پیغام**

مانجھی پور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ نے یوم تکبیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 28 مئی 1998 پاکستان کی تاریخ کا وہ عظیم دن ہے جب پاکستان نے ایٹمی قوت بن کر اپنی دفاعی صلاحیت کو ناقابل تسخیر بنا دیا، یہ دن ہمیں اس عظیم قیادت کی یاد دلاتا ہے جس نے عالمی دباؤ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے ملکی خودمختاری کو ہر چیز پر مقدم رکھا۔ انہوں نے کہا کہ قائد عوام محمد نواز شریف نے اس وقت کے انتہائی حساس اور دباؤ والے عالمی حالات کے باوجود جرات مندانہ فیصلہ کیا اور چاغی کے مقام پر ایٹمی دھماکے کرکے پوری دنیا پر واضح کر دیا کہ پاکستان ایک خودمختار اور باوقار قوم ہے جو اپنے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملکی سلامتی، خودمختاری اور عوامی مفادات کو ترجیح دی ہے۔ 28 مئی صرف ایک تاریخ نہیں بلکہ ہمارے قومی عزم، اتحاد اور استقامت کی علامت ہماری قومی تاریخ کا درخشاں باب ہے یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ جب قیادت مخلص اور دلیر ہو تو قومیں ناقابل شکست بن جاتی ہیں۔

## طلباء کا چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تیار ہونا ضروری ہے، راحیلہ درانی

**وقت کی قدر کرکے تعلیمی میدان میں آگے بڑھنا کی ضرورت ہے، خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ نوجوانوں اور طلباء کا قومی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرنے اور مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کی تیاری کے لیے ضروری ہے کہ وہ جدید دنیا اور نئے سماجی، سیاسی اور معاشی رجحانات کو سمجھنے اور تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے تعلیمی میدان میں زیادہ سے زیادہ آگے بڑھیں وقت کی قدر کریں اور کوئی لمحہ بے مقصد نہ گزرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیجیٹل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی بلوچستان کیمپس کوئٹہ میں انڈر گریجویٹس پروگرام کے تحت کمپیوٹر سائنس اینڈ سول انجینئرنگ میں گریجویشن مکمل کرنے والے تیسرے بیچ کے طلباء کے اعزاز میں تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے طلبا کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یہ آپ کی خوش قسمتی ہے کہ لسٹ جیسے پاکستان کے اعلیٰ تعلیمی ادارے میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہئے، کسی بھی قوم کی ترقی میں نوجوان نسل کا کردار ہمیشہ کلیدی رہا ہے۔ نوجوان ملک وملت کا مستقبل اور قوم کے معمار ہوتے ہیں آخر میں وزیر تعلیم اور لسٹ بلوچستان کے ڈین نے سول اور کمپیوٹر انجینئرنگ میں گریجویشن مکمل کرنے والے طلباء وطالبات میں اسناد تقسیم کیں۔

## نوشکی میں فائرنگ بچوں کے روشن کل پر حملہ ہے، ظہور بلیدی

**پولیس اہلکار وحید احمد کی شہادت افسوسناک اور قابل مذمت، بہادر سپاہی کو خراج عقیدت پیش**

کوئٹہ (اے پی پی) سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے نوشکی میں پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوشکی میں پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور پولیس اہلکار وحید احمد ولد محمد ہاشم کی شہادت نہایت افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ ایک بیان میں ظہور بلیدی نے کہا کہ میں اس بہادر سپاہی کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، جس نے قومی فریضے کی ادائیگی کے دوران اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ پولیو مہم نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے کی جانے والی ایک عظیم جدوجہد ہے اور اس پر حملہ صرف ایک فرد پر نہیں بلکہ پوری قوم، انسانیت اور بچوں کے روشن کل پر حملہ ہے۔ یہ واقعہ واضح کرتا ہے کہ ملک دشمن عناصر فلاحی کاموں کو بھی نشانہ بنا کر خوف و ہراس اور بدامنی پھیلانے کی سازشیں کر رہے ہیں مگر ہم ان کے ناپاک ارادوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

## یوم تکبیر پاکستان کی دفاعی طاقت کا مظہر ہے، سردار کھیتران

**قومی اتحاد، عسکری طاقت اور قیادت کے وژن سے ہم ہر چیلنج کر مقابلہ کر سکتے ہیں، پیغام**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے یوم تکبیر کے موقع پر پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن پاکستان کی تاریخ کا اہم سنگ میل ہے، جب پاکستان نے ایٹمی طاقت حاصل کر کے اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، سردار کھیتران نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں یاد دلاتا ہے کہ قومی اتحاد، عسکری طاقت اور قیادت کے وژن سے ہم ہر چیلنج کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے جنرل عاصم منیر کے وژن کو قومی سلامتی، وحدت اور ترقی کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں پاکستان ایک باوقار، مضبوط اور محفوظ ریاست کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یوم تکبیر نہ صرف ہماری دفاعی طاقت کا مظہر ہے بلکہ یہ دن ہمیں قومی یکجہتی، قربانی اور حب الوطنی کے جذبے کی بھی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے اس موقع پر پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو مل کر پاکستان کے دفاع اور ترقی کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

## پولیو ٹیم پر حملے کسی صورت برداشت نہیں، بخت محمد کاکڑ

**واقعے کا مقصد خوف پھیلا کر بچوں کا مستقبل خطرے میں ڈالنا ہے، صوبائی وزیر صحت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ نوشکی میں پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر حملہ ایک قومی فریضے پر حملے کے مترادف ہے جو کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا یہ بزدلانہ، انسانیت سوز اور ناقابل معافی جرم ہے جس کا مقصد خوف و ہراس پھیلانا اور معصوم بچوں کے محفوظ مستقبل کو خطرے میں ڈالنا ہے صوبائی وزیر نے شہید پولیس اہلکار وحید احمد ولد محمد ہاشم قوم مینگل کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ قوم کا اصل ہیرو ہے جس نے ایک قومی فریضے کی ادائیگی کے دوران اپنی جان قربان کی۔ حکومت شہید اہلکار کے خاندان کے ساتھ کھڑی ہے اور ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 MAY 2025 Page No. 10


## باتوں نہیں عملی اقدامات سے تبدیلی کا سفر شروع کردیا، علی حسن

### مخالفین نے ہمیشہ نفرت کو فروغ دیا مجھ پر الزام تراشی کرنیوالے کبھی کامیاب نہیں ہونگے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ جھوٹ بولنے سے سچ بدل نہیں سکتا، آج عوام باشعور ہو چکے ہیں اور سچ جانتے ہیں، ہم فریب اور نفرت نہیں بلکہ خدمت، دیانتداری اور ترقی کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، سوشل میڈیا پر مخالفین کے میڈیا سیل سے جاری بیان کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ یہاں جاری بیان میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ جھوٹ، بہتان بازی اور پروپیگنڈہ مخالفین کی سیاست کا پرانا ہتھیار ہے، عام انتخابات سے لے کر آج تک انہوں نے ہمیشہ میری ذات پر حملے کئے اور بے بنیاد الزامات کی سیاست کو فروغ دیا لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل اور عوام کے اعتماد سے ہم نے سچ، خدمت اور ترقی کی طاقت سے کامیابی حاصل کی۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ آج بھتہ مافیا، لاقانونیت، تھانہ کلچر اور عوامی فنڈز میں کرپشن کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ کاش مخالفین عوامی نمائندگی کی ذمہ داری کو طاقت اور غرور کا ذریعہ نہ بناتے، انہوں نے عوامی خادم بننے کی بجائے اپنے اقتدار کو ذاتی پسند و ناپسند کی بھینٹ چڑھا دیا، گزشتہ چالیس سال میں جب میں کون سا بڑا ترقیاتی کام انہوں نے کیا۔ پسند و ناپسند کی بنیاد پر صدیوں سے آباد لوگوں کے ڈومیسائل اور لوکل سرٹیفکیٹس پر پابندی عائد کی، آپ نے مظلوم عوام کو شناختی کارڈ جیسی بنیادی شہریت کی سہولت سے بھی محروم رکھا، سیلاب متاثرین کی امداد تک آپ نے اپنے مخصوص لوگوں میں تقسیم کر کے باقی عوام کو محروم رکھا، جام یوسف کالونی، بھٹ آباد، چیزل آباد، مدینہ کالونی، اکرم کالونی، لاسی روڈ اور دیگر اہم علاقوں میں سیوریج لائن تک نہ دے سکے۔ انہوں نے کہا کہ گنداوا کو آپ ایک معیاری سڑک تک نہ دے سکے، ساکران جیسے سرسبز علاقے کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں لیکن آج ہماری حکومت نے صرف باتوں نہیں بلکہ عملی اقدامات سے تبدیلی کا سفر شروع کیا۔ جب شہر میں ماسٹر پلان کا جدید سروے جاری ہے، گنداوا میں ایک ارب روپے کی لاگت سے سڑک کی تعمیر تیزی سے جاری ہے، یہ سب عوام سے کئے وعدوں کی تکمیل کا آغاز ہے۔

## امن کے قیام کیلئے مضبوط دفاع ناگزیر ہے، نور محمد دمڑ

### آپریشن بنیان مرصوص نے یوم تکبیر کی اہمیت کو مزید بڑھا دیا، بیان

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ 28 مئی یوم تکبیر کی اہمیت آپریشن بنیان مرصوص کے تناظر میں مزید بڑھ گئی ہے بھارت کے تھانیدار بننے کا خواب ایک مرتبہ چکنا چور ہو چکا ہے 28 مئی 1998ء کے ایٹمی دھماکے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں سنگِ میل ثابت ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورے ملک میں یوم تکبیر جوش و جذبے سے منایا جائے گا انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور پاک فوج نے 10 مئی کو دشمن کو منہ توڑ جواب دیا گیا انہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت اور حکمت عملی کو تاریخ کا سنہری باب قرار دیتے ہوئے کہا کہ دشمن کو ہر محاذ پر شکست ہوئی امن کے لیے مضبوط دفاع ناگزیر ہے۔

## صوبائی وزیر سلیم کھوسہ کے خلاف دوران خان کی اپیل خارج کردی گئی

### سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے الیکشن کمیشن کے نوٹیفکیشن اور الیکشن ٹریبونل کے فیصلے کو بحال رکھا

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے مسٹر جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں میڈم جسٹس مسرت ہلالی اور مسٹر عامر فاروق پر مشتمل تین رکنی بنچ نے منگل 27 مئی کو صحبت پور پی بی 15 سے پیپلز پارٹی کے امیدوار میر دوران خان کھوسہ کی جانب سے اس حلقے سے 8 فروری 2024 کے انتخابات میں منتخب ممبر صوبائی اسمبلی مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر تعمیرات و عمارات کے خلاف الیکشن اپیل کی باقاعدہ سماعت کرتے ہوئے ان کی جانب سے دائر الیکشن ٹریبونل بلوچستان کے فیصلے کے خلاف اپیل کو حقائق و گواہوں کے بیانات کے تناظر اور قانونی جواز کی بنیاد پر مسترد کرتے ہوئے ان کی اپیل خارج کردی اور یوں میر سلیم احمد خان کھوسہ کی کامیابی و اس بابت الیکشن کمیشن کے نوٹیفکیشن اور الیکشن ٹریبونل بلوچستان کے جج مسٹر جسٹس روزی خان بڑیچ کے فیصلے کو بحال رکھا اس مقدمہ میں میر دوران خان کھوسہ کی جانب سے کیس کی پیروی میر نادر علی چھلگری ایڈووکیٹ سپریم کورٹ اور میر سلیم احمد خان کھوسہ کی جانب سے امان اللہ کنرانی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ عدالت عظمیٰ پاکستان اسلام آباد میں پیش ہوئے۔

## لوکل گورنمنٹ کی گرانٹ میں اضافہ کیا جائے، شعیب نوشیروانی

### بلدیات کی مضبوطی ہی حقیقی جمہوریت کی بنیاد ہے، وزیر خزانہ کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت 11 ویں لوکل کونسل و فنانس کمیشن کا اجلاس ہوا جس میں مشیر برائے لوکل گورنمنٹ نوابزادہ میر حمزہ زہری نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی سیکرٹری لوکل گورنمنٹ عبدالروف بلوچ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور دیگر آفیسران بھی اجلاس میں موجود تھے صوبائی وزیر نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کی مضبوطی ہی حقیقی جمہوریت کی بنیاد ہے اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی سے عوام کے اکثر مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکتے ہیں ہم اسے مضبوط کرنے کے لیے بھرپور کوشش کر رہے ہیں لوکل گورنمنٹ کو چاہیے کہ وہ اپنی آمدن میں بھی اضافہ کرے تاکہ کچھ حد تک مالیاتی خودمختاری حاصل کی جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ فائر بریگیڈ کی گاڑیوں کی جلد از جلد خریداری یقینی بنائی جائے تاکہ ہنگامی حالات میں موثر ریسپانس ممکن ہو انہوں نے مزید کہا کہ لوکل گورنمنٹ کو دیے جانے والے گرانٹس میں اضافہ کیا جائے گا تاکہ نچلی سطح ترقیاتی منصوبوں پر جلد کام شروع ہو جائے صوبائی حکومت لوکل اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی کیونکہ مقامی حکومتوں کا فعال ہونا ہی عوامی مسائل کے حل کی ضامن ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## کوئٹہ میں جلد غیر قانونی رکشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کریں گے، لیاقت لہڑی

### جولائی میں مزید 17 گرین بسیں شہر کی سڑکوں پر چلائی جائیں گی، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں جلد ہی غیر قانونی رکشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کیا جائے گا اور صوبائی حکومت کوئٹہ شہر میں الیکٹرک کاریں چلائے گی تاکہ عوام کو بہتر ٹرانسپورٹ کی سہولیات میسر آسکے جولائی میں مزید 17 گرین بسیں بھی چلائی جائیں گی جبکہ خواتین کیلئے 4 پنک بسیں اگلے ماہ سے شروع ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کر دی جائیں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کو بہتر ٹرانسپورٹ کی سہولیات دینے کے لئے کوششیں کر رہی ہے اور اس سلسلے میں کوئٹہ میں غیر قانونی رکشوں کے خلاف جلد کارروائی کی جائے گی جبکہ اس کے مقابلے میں نئی الیکٹرک کاریں چلائی جائیں گی


CamScanner

## انسداد پولیو مہم کو مزید مؤثر و کامیاب بنایا جائے، ڈی سی کوئٹہ

**پولیو مہم کے پہلے دن کی کارکردگی جانچنے کیلئے اجلاس کی صدارت کی**

**کم کوریج والے علاقوں کی خصوصی نگرانی کی جائے، متعلقہ ذمہ داروں کو ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) کی زیر صدارت پولیو مہم کے پہلے دن کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو مہم سے متعلقہ افسران، ضلعی و ڈویژنل کوآرڈینیٹرز اور انتظامی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیو مہم کے آغاز کے بعد پہلے دن کی کارکردگی، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی کوآرڈینیٹر انعام الحق، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر صفدر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ڈاکٹر ایمل مندوخیل، اسسٹنٹ کمشنر سریاب، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر صدر سمیت تمام سب ڈویژنز کے کوآرڈینیٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران کی جانب سے ایک تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں مہم کے پہلے دن کی مجموعی کارکردگی، ٹیموں کی کوریج، درپیش مسائل، اور زیرو ڈوز، نوٹ ایویلیبل (NA) کیسز، مکمل NA کیسز اور ریفیوزلز (انکار کرنے والے کیسز) کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ کم کوریج والے علاقوں کی خصوصی نگرانی کی جائے۔

## کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے، ڈی سی کوئٹہ

**ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، ڈی سی سمیت دیگر آفیسران نے شرکت کی**

**شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے متنوع مسائل کے حوالے سے درخواستیں جمع کروائیں، متعدد شکایات و تجاویز پیش کی گئیں**

**ارجنٹ درخواستوں پر موقع پر ہی احکامات جاری کرتے ہوئے فوری حل کو یقینی بنایا، جبکہ باقی درخواستوں کو متعلقہ محکموں کو ارسال کر دیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے ڈی سی آفس کوئٹہ میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی نے کی۔ کھلی کچہری میں مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران اور ضلعی افسران نے بھرپور شرکت کی۔ اس اہم عوامی فورم میں محکمہ صحت، تعلیم، واسا، پی ایچ ای، کیسکو، سوئی گیس، صفا کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن، محکمہ ایریگیشن سمیت تمام سب ڈویژن کے اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلدار، رجسٹرار، سب رجسٹرار اور تحصیل کے دیگر متعلقہ عملے نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں، ڈی سی آفس کی تمام برانچوں کے افسران و اہلکار بھی اس موقع پر موجود تھے تاکہ سائلین کے مسائل براہ راست سن کر فوری کارروائی ممکن بنائی جا سکے۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مختلف مسائل کے حوالے سے درخواستیں جمع کروائیں۔ سائلین کی طرف سے بجلی، گیس، پانی، شناختی کارڈ، ریونیو سے متعلقہ امور، صفائی وستھرائی اور دیگر بنیادی سہولیات کے حوالے سے شکایات و تجاویز پیش کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی نے متعدد ارجنٹ درخواستوں پر موقع پر ہی احکامات جاری کرتے ہوئے فوری حل کو یقینی بنایا، جبکہ باقی درخواستوں کو متعلقہ محکموں کو ارسال کر دیا گیا تاکہ ان پر بروقت عملدرآمد کیا جا سکے۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ان درخواستوں پر عملدرآمد کی نگرانی کی جائے گی اور آئندہ کھلی کچہری سے قبل ان مسائل کا حل یقینی بنایا جائے گا۔

## صفا کوئٹہ کے عملے کو زدوکوب کرنا ناقابل برداشت عمل ہے، کمشنر کوئٹہ

**قانون شکن عناصر کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا ہے، حمزہ شفقات**

**کوئی غلط فہمی میں نہ رہے کہ ایسے ظالمانہ عمل پر انتظامیہ خاموش رہے گی، ذمہ دار ٹھہرائیں گے، بیان**

کوئٹہ (پی آئی) کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ صفائی مہم میں صفا کوئٹہ کے ملازمین پر حملہ ناقابل برداشت ہے، قانون شکن عناصر کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حمزہ شفقات نے ....... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7

کہا کہ صفا کوئٹہ کے محنت کش عملے پر کاروباری افراد کی جانب سے کیے گئے پرتشدد اور غیر انسانی حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں یہ ایک شرمناک، دل دہلا دینے والا واقعہ ہے کہ جن محنت کشوں کا کام شہر کو صاف رکھنا، گندگی سے نالوں کو پاک کرنا اور عوام کی فلاح کیلئے دن رات محنت کرنا ہے، انہی پر ہاتھ اٹھایا گیا۔ یہ صرف ان پر حملہ نہیں کیا گیا بلکہ انتظامیہ کو تجاوزات ہٹانے اور نالوں کی صفائی کی جاری مہم کو زبردستی روکنے کی کوشش کی گئی یہ نہ صرف قانون کی صریح خلاف ورزی ہے بلکہ سماجی طور پر بھی شدید تشویش کا باعث ہے اس افسوسناک واقعہ کی فوری اطلاع وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو دی گئی جنہوں نے واقعے میں ملوث تمام عناصر کو جلد از جلد گرفتار کرنے اور قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی عمل میں لانے کے احکامات جاری کیے ہیں کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات نے کہا کہ یہ سوچ کہ معاشرے کے کمزور طبقات پر حملے کیے جائیں اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی رہے یہ انتہائی خطرناک اور ناقابل قبول ہے کسی کو یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہیے کہ ایسے ظالمانہ اور بزدلانہ عمل پر انتظامیہ خاموش رہے گی قانون کی نگاہ میں سب برابر ہیں اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ یہ نہ صرف چند افراد پر حملہ ہے بلکہ یہ شہری نظم، قانون کی بالادستی اور صفائی کے پورے نظام پر حملہ ہے ہمارا عملہ پوری جانفشانی سے کام کر رہا ہے تاکہ عوام کو بہتر شہری سہولیات میسر آئیں اور ان پر حملہ دراصل شہری اور فلاحی خدمت پر حملہ ہے کمشنر نے واضح الفاظ میں کہا کہ تجاوزات کے خلاف مہم اور نالوں کی صفائی کا عمل کسی صورت روکا نہیں جائے گا قانون شکن عناصر کو کیفر کردار تک پہنچا کر ایک مثال قائم کی جائے گی کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ صفائی اور شہر کی ترقی کے عمل میں حکومت و انتظامیہ کا ساتھ دیں اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں جو ذاتی مفاد کی خاطر اجتماعی بہتری کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔

## نوشکی، پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار فائرنگ سے شہید

**واقعہ قومی مہم کو سبوتاژ کرنے اور خوف و ہراس پھیلانے کی سازش ہے، ترجمان حکومت**

نوشکی (آن لائن) مسلح افراد کا پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار پر فائرنگ، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس سپاہی کی شناخت عبدالوحید مینگل ....... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7

ولد شیخ محمد ہاشم مینگل، ساکن جمال آباد کے طور پر ہوئی، جنہیں میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کر دیا گیا۔ پولیس واقعہ کی مزید تفتیش شروع کر دی۔ ترجمان حکومت شاہد رند نے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو مہم ایک قومی فریضہ ہے اس پر حملہ ناقابل برداشت ہے فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے اہلکار کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ ترجمان حکومت بلوچستان نے کہا کہ یہ حملہ قومی مہم کو سبوتاژ کرنے اور خوف و ہراس پھیلانے کی سازش ہے۔ تخریب کاروں کے خلاف کارروائی میں مزید تیزی لائی جائے گی۔ ترجمان حکومت بلوچستان نے کہا کہ حکومت پولیو ٹیموں اور سکیورٹی اہلکاروں کی حفاظت کو مزید مؤثر بنائے گی۔

## بی ایف اے کا کوئٹہ میں سیوریج واٹر سے سبزیوں کی کاشت پر شکنجہ سخت

**بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے شہر میں انسانی صحت کیلئے خطرہ بننے والی زرعی سرگرمیوں کیخلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری ہیں**

**گزشتہ چار روز سے جاری کریک ڈاؤن کے دوران سینکڑوں ایکڑ اراضی پر کاشت کی گئی مضر صحت اور ناقص سبزیوں کو تلف کر دیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کوئٹہ میں انسانی صحت کے لیے سنگین خطرہ بننے والی زرعی سرگرمیوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری ہیں۔ سیوریج کے آلودہ اور زہریلے پانی سے سبزیوں کی کاشت پر مکمل پابندی کے باوجود متعدد مقامات پر غیر قانونی طور پر مضر صحت فصلیں اگائے جانے پر بی ایف اے کی ٹیمیں متحرک ہو چکی ہیں۔ اس سلسلے میں اتھارٹی کے گزشتہ چار روز سے جاری خصوصی کریک ڈاؤن کے دوران سینکڑوں ایکڑ اراضی پر کاشت کی گئی مضر صحت اور ناقص سبزیوں کو تلف کر دیا گیا۔ نیو ہزارہ ٹاؤن کے مختلف علاقہ جات خصوصاً سبزل روڈ کوئٹہ کے اطراف میں تلف کردہ زیر کاشت فصلوں میں دھنیا، پودینہ، گوبھی اور پالک شامل تھیں جو نالوں کے آلودہ پانی سے تیار کی جا رہی تھیں۔ ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے وقار خورشید عالم کے مطابق عوامی صحت کا تحفظ اتھارٹی اولین ترجیح ہے۔ کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ ذاتی فائدے کے لیے شہریوں کی صحت سے کھیلے۔ گندے پانی سے اگائی فصلیں انسانی جان کے لیے زہر قاتل ہیں۔ اخلاقی طور پر بھی یہ مذموم عمل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے تمام فصلوں کو تلف کیا جائے گا اور ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ یاد رہے کہ سیوریج کے پانی سے صرف غیر خوردنی (non-edible) فصلوں کی اجازت ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 28 MAY 2025

Page No. 12

# لشکری رئیسانی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان کر دیا

**اپوزیشن ارکان ایکٹ کیخلاف قرارداد لائیں یا مستعفی ہو جائیں، بلوچستان کا مسئلہ قومی ہے لیکن 70 سال سے الجھایا گیا، پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر حال میں بلوچستان کے وسائل اور حقوق کا دفاع کریں گے، اپوزیشن کے جن ارکان نے صوبے کے وسائل دوسروں کے ہاتھ میں دیے وہ ایکٹ کے خلاف قرارداد لائیں یا پارلیمنٹ سے مستعفی ہو جائیں، بلوچستان کا مسئلہ قومی ہے لیکن 70 سال میں اس کو انتظامی مسئلہ بنا کر کے مسائل کو الجھایا گیا اور اس کی بہتری کیلئے کوئی کردار ادا نہیں کیا گیا۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل بے دردی طریقے سے طاقت کے زور پر لوٹے جا رہے ہیں اور اب وسائل لوٹنے کیلئے کراچی سے ایک فرضی ادارہ لا کر ان کو پیسے کمائے جا رہے ہیں۔ صاف اور شفاف عمل کا راستہ روک کر ریاست کے سہولت کار بدامنی میں اضافہ کر رہے ہیں، تعلیمی اداروں میں اس طرح کے منفی اقدامات اٹھا کر نوجوان نسل اور قوموں کا مستقبل تباہ کر کے ان کے لئے زہر قاتل ثابت ہو رہے ہیں، اس وقت حالات کی وجہ سے صوبے کے لوگ اور تعلیمی وارث بری طرح متاثر ہیں، ان حالات میں خاموش رہنا بھی جرم تصور ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں کوئی اپوزیشن نہیں، صوبے کے وسائل کی لوٹ مار میں سب شامل ہیں، آئندہ نسلوں کی بقا کیلئے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو عدالت میں چیلنج کریں گے، اس حوالے سے دیگر سیاسی جماعتوں کو بھی اعتماد میں لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اس وقت بہت بڑے بحران سے گزر رہا ہے اور آنے والے دنوں میں مزید بحران نظر آ رہے ہیں، ہمارے تعلیمی ادارے اکثر بند رہتے ہیں ہمارے سینکڑوں سال کے قومی نظم کو ختم کر دیا گیا ہے جو قومی وطن کی بات کر رہے تھے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ چیف آف سراوان نواب محمد اسلم رئیسانی نے ہر موقع پر بلوچستان کے وسائل، حقوق کا دفاع کیا اور کسی بھی ایسے معاہدے یا پروگرام کا حصہ نہیں ہے جس میں بلوچستان کے وسائل کا سودا کیا گیا ہو جس میں ریکوڈک کے حوالے سے ہونے والے اجلاس کا بھی بائیکاٹ کیا انہوں نے اپنے وزارت اعلیٰ کے دور حکومت میں صوبے میں ہونے والی کرپشن و غارت گری کے حوالے سے ایوان میں بااختیار کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا لیکن اس پر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔

## بلوچستان کو مساوی حقوق دینے ہونگے، ہدایت الرحمان

**بارڈر بندش سے نوجوان بیروزگار اور جبری گمشدگیوں کا سلسلہ جاری ہے، خطاب اور وفود سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بارڈر بندش کے باعث بلوچستان کا نوجوان و تاجر بے روزگار ہو گئے، روزگار پہلے سے ناپید ہے رہی سہی کسر بارڈر بندش نے پوری کر دی ہے، عوام بدحال تاجر پریشان اور نوجوان ذہنی مریض بن گئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب و اجلاس سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان وسیع بارڈر اور معدنیات و قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ آج بھی یہاں کے عوام بنیادی حقوق سے محروم ہیں، ہر روز نوجوان جبری گمشدگیوں کا شکار ہیں بے شمار نوجوان لاپتہ ہیں، سوال یہ ہے کہ ان کا قصور کیا ہے، اگر کسی پر کوئی الزام ہے تو اسے عدالت میں پیش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے ملک کو گیس، کوئلہ، کرومائیٹ و دیگر قیمتی معدنیات فراہم کی جاتی ہیں، مگر خود بلوچستان کے عوام ان وسائل کے ثمرات سے محروم ہیں، ان کے گھروں میں اندھیرے ہیں، تعلیمی ادارے ویران اور اسپتالوں میں سہولیات ناپید ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے کا حل خاموشی اور نظر اندازی نہیں بلکہ مساوی حقوق کی فوری فراہمی، لاپتہ افراد کی بازیابی، بارڈر بندش کا خاتمہ اور مساوی حقوق میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی مظالم کے خلاف حقوق کے حصول اور ظلم کے خلاف ہر فورم پر آواز اٹھاتی رہے گی۔

## بے چینی اور مایوسی پھیلنے سے پہلے عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے، اے این پی

**انتخابات کے ڈیڑھ سال بعد بھی حق و سچ کی آواز کوئی سننے کیلئے تیار نہیں، نتائج میں تاخیری حربوں پر انتہائی تشویش**

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے قومی اسمبلی کی نشست این اے 251 کے بائیس پولنگ سٹیشنوں کی دوبارہ گنتی کے نتائج میں تاخیری حربوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کی رائے کو تبدیل کرنے والے آئین سے انحراف اور ناقابل معافی جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں، 8 فروری 2024 کو جس بے شرمی اور ڈھٹائی سے عوامی رائے کو بلڈوز کیا گیا اور اس کی توہین کی گئی اس توہین و تضحیک کا سلسلہ آج تک افسوسناک شکل میں جاری ہے، عام عوام کے صبر کا پیمانہ اب لبریز ہو رہا ہے، مزید بے چینی اور مایوسی پھیلنے سے پہلے عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے اور ووٹوں کو بیچ کرنے کا شرمناک عمل بند کر دیا جائے، اپنے بیان میں اصغر اچکزئی نے کہا کہ 8 فروری کے عام انتخابات ملکی تاریخ کے انتہائی افسوسناک بلیک الیکشن کے نام پر الیکشن تھے جن میں آئین و قانون سے کھلواڑ کرتے ہوئے ہر حلقے میں عوامی رائے کو بلڈوز کیا گیا اور نتائج بیچ کئے گئے، اسی سلسلے کا ایک ڈرامہ گزشتہ روز این اے 251 ژوب قلعہ سیف اللہ کم شیرانی سے متعلق 22 پولنگ سٹیشنوں کی دوبارہ گنتی کے فیصلے پر عملدرآمد نہ کر کے رچایا جا رہا ہے، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ کی قومی اسمبلی کی نشست پر الیکشن ٹریبونل کی جانب سے 22 پولنگ سٹیشنوں کی دوبارہ گنتی پر صوبائی الیکشن کمیشن اور متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کی جانب سے تاخیری حربے، گنتی کی تیاری میں لیت و لعل سے کام لینا قابل گرفت عمل ہے، صوبائی الیکشن ٹریبونل کے واضح احکامات کے خلاف ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر اور دیگر نادیدہ قوتوں کی جانب سے دوبارہ گنتی کے عمل میں رخنہ ڈالنا ناقابل معافی جرم ہے، منعقدہ 8 فروری 2024 کو بیچ کئے گئے انتخابات کے ڈیڑھ سال بعد بھی حق و سچ کی آواز سننے کیلئے تیار نہیں، انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر الیکشن ٹریبونل کی واضح احکامات کو نظر انداز کر رہے ہیں جو کسی المیے سے کم نہیں، پچھ جانتا ہے کہ آٹھ فروری کے انتخابات میں کیا ہوا اور اب تک انصاف کے تقاضے پورے نہ کر کے جیتنے والے امیدواروں کو دیوار سے لگانے کے لئے کیا حربے اختیار کئے جا رہے ہیں یہ سب کچھ افسوسناک بھی ہے اور شرمناک بھی اس کے ساتھ ساتھ عوام کی رائے کو تبدیل کرنے والے آئین سے بھی انحراف کر رہے ہیں جو ناقابل معافی جرم ہے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ ریٹرننگ آفیسر کو پابند بنا کر مقررہ وقت کے اندر باقی ماندہ پولنگ سٹیشنوں کی دوبارہ گنتی کے انعقاد کو یقینی بنایا جائے تاکہ اوس میں پھیلی بے چینی کا خاتمہ ہو۔

## علی وزیر سمیت دیگر رہنماؤں کو فوری رہا کیا جائے، پشتونخوا نیپ

**تجارتی راستے کھولے، پاسپورٹ کی شرط ختم، پشتون افغان عوام کو تحفظ دیا جائے، قراردادوں کی منظوری**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیپ کے قومی جرگے میں منظور ہونے والے دوسرے حصے کی قراردادوں میں کہا گیا ہے کہ پشتون قومی تحریک کے ممتاز رہنما علی وزیر، قومی جرگے کے رہنما ملک نصیر خان کوکی خیل، حاجی صمد لالا سمیت مختلف سیاسی رہنماؤں و کارکنوں کی جھوٹے اور دروغ گوئی پر مبنی مقدمات میں مسلسل قید و بند میں رکھنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اُن کی غیر مشروط فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے اور اس سے پشتون قومی سیاسی تحریک کی جمہوری جدوجہد کو کمزور کرنے کی ناکام سازشوں سے تعبیر کیا جو ناقابل برداشت اور ناقابل قبول ہے، قرارداد میں ڈیورنڈ لائن پر شوراوک، چمن تا قمرالدین، غلام خان تا طورخم تا باجوڑ تک آمدورفت اور تجارت کے تمام راستوں کو فوری طور پر کھولنے اور دونوں طرف آباد پشتون افغان عوام کو آزادانہ آمدورفت و تجارت کی سہولت فوری طور پر دینے کا مطالبہ کیا اور پاسپورٹ کی شرط کو ختم کرتے ہوئے ایک ہی ملت کے عوام کی ڈیورنڈ لائن کے دونوں جانب عوام کو آزادانہ آمدورفت و تجارت کا قومی، وطنی اور قانونی حق حاصل ہے، قرارداد میں ایک سال سے زائد جاری رہنے والے چمن پرلت کے مطالبات کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے اسے فوری طور پر تسلیم کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ قرارداد میں افغان کڈوال عوام کے خلاف جاری کریک ڈاؤن، تضحیک آمیز رویے اُن سے رشوت خوری، اُن کے گھروں پر غیر قانونی چھاپے اور انہیں زبردستی بے دخل کرنے کی مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی، بین الاقوامی اور اقوام متحدہ کے اصولوں اور سہ فریقی معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیا ہے اور کہا کہ جن افغان کڈوال کی ہمارے ملک میں پیدائش ہوئی ہے وہ اس ملک کے شہریت کے حقدار ہیں۔ اقوام متحدہ اور مہاجرین کا ادارہ UNHCR افغان کڈوال عوام کے خلاف جاری کریک ڈاؤن اور بدترین حتمی طرز عمل کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات کرے، قرارداد میں تاریخی افغانستان میں وسیع البنیاد حکومت قائم کرنے، تاریخی لویہ جرگے کے انعقاد اور لویہ جرگے کے ذریعے افغانستان کے آئین اور ملی اداروں کی بحالی کرنے اور تمام انسانی حقوق بحال کرنے، خواتین کی تعلیم اور روزگار پر پابندی ختم کرنے اور شفاف جمہوری انتخابات کا انعقاد جیسے اقدامات تمام افغان ملت کا قومی مطالبات ہے اور انتخابات کے نتیجے میں منتخب عوامی نمائندوں کو اقتدار منتقل کرنے اور افغانستان میں امن کے قیام اور ترقی و خوشحالی کے اقدامات ضروری اور لازمی ہے۔ قرارداد میں سندھ مرکزی شہر کراچی، پنجاب، کشمیر اور ملک میں پشتون افغان عوام کی سر و مال و عزت و ناموس کو تحفظ دینے اور اُن کے کاروبار، تجارت، محنت مزدوری اور تعلیم کے حصول سمیت زندگی کے ہر شعبے میں انہیں حقوق دینا ملکی آئین اور قوانین کے تسلیم شدہ اصول ہے، ملک کے وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتیں پشتون افغان عوام کے خلاف بدترین امتیازی سلوک کا خاتمہ کرتے ہوئے اُن کے تمام حقوق کا تحفظ یقینی بنائے ورنہ اس بدترین امتیازی سلوک، ظلم و جبر و بھتہ خوری اور انہیں اپنے صوبوں و شہروں سے بلاجواز غیر قانونی طور پر نکالنے کے غیر آئینی و غیر قانونی اقدامات کے خلاف پشتونخوا وطن میں سخت ردعمل پیدا ہوگا جس کی ذمہ داری حکمرانوں پر عائد ہوگی۔

## نوشکی: انسداد پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار فائرنگ سے جاں بحق

### حملہ آور سرکاری اسلحہ اور موٹر سائیکل بھی لے گئے، ضلع نوشکی میں انسداد پولیو مہم عارضی معطل کر دی گئی

**حملہ ناقابل برداشت، اس کا مقصد قومی مہم کو سبوتاژ کرنا ہے، تخریب کاروں کیخلاف کارروائی میں تیزی لائی جائیگی، ترجمان حکومت**

نوشکی (نامہ نگار) انسداد پولیو مہم کی ڈیوٹی پر مامور سیکورٹی اہلکار نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جاں بحق ہوگیا۔ لیڈی ہیلتھ ورکرز گھر میں بچوں کو قطرے پلانے کی وجہ سے محفوظ رہیں۔ تفصیلات کے مطابق پولیو مہم کے دوسرے دن کلی محمد حسنی میں پولیو ڈیوٹی پر مامور سیکورٹی اہلکار عبدالوحید مینگل پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ لیڈی ہیلتھ ورکرز گھر میں بچوں کو قطرے پلانے کی وجہ سے محفوظ رہیں، مسلح افراد واردات کے بعد پولیس اہلکار کا سرکاری اسلحہ اور موٹر سائیکل بھی ساتھ لے گئے۔ سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر ملزمان کی گرفتاری کے لئے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر عبدالرحمان شیرانی کے مطابق ناخوشگوار واقعہ کے بعد نوشکی ڈسٹرکٹ میں پولیو مہم کو عارضی طور روک دیا گیا ہے، صورت حال کا جائزہ لینے کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا فیصلہ کیا جائے گا، شہید ہونے والے پولیس اہلکار عبدالوحید مینگل کو جمال آباد قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، شہید پولیس اہلکار لیبر لیڈر ریٹائرڈ جج میر نوروز خان مینگل کا بھتیجا تھا۔ دریں اثناء حکومت بلوچستان کے ترجمان شاہد رند نے نوشکی میں پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور اہلکاروں پر فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار شہید ہوگیا، یہ حملہ قومی مہم کو سبوتاژ کرنے اور خوف و ہراس پھیلانے کی سازش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوشکی میں پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار شہید ہوگیا ہے شہید اہلکار وحید احمد ولد محمد ہاشم کا تعلق جمال آباد نوشکی سے تھا، ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا کہ پولیو مہم ایک قومی فریضہ ہے، اس پر حملہ ناقابل برداشت ہے، فریضے کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے اہلکار کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، یہ حملہ قومی مہم کو سبوتاژ کرنے اور خوف و ہراس پھیلانے کی سازش ہے، تخریب کاروں کے خلاف کارروائی میں مزید تیزی لائی جائے گی، حکومت پولیو ٹیموں اور سیکیورٹی اہلکاروں کی حفاظت کو مزید موثر بنائے گی۔

## بیلہ: بینک ڈکیتی میں ملوث اور تھانیدار کو زخمی کرنے والے 6 ملزمان گرفتار

بیلہ (نمائندہ) نیشنل بینک اوتھل برانچ میں ہونے والی ڈکیتی کی واردات میں ملوث اور سابق ایس ایچ او یار محمد کمانڈو کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے والے مطلوب چھ ملزمان عبیداللہ، عبدالحمید، زین العابدین، اختر، بابر علی اور بہلول کوئٹہ میں پکڑے گئے، ملزمان سے پولیس کی ٹیم تفتیش کر رہی ہے، ڈکیت گینگ کا تعلق ڈسٹرکٹ خضدار سے ہے، گرفتار ملزمان نے دوران تفتیش متعدد وارداتوں کے انکشافات کئے ہیں جن میں ایس ایچ او وڈھ سٹی عبدالقادر شیخ کے گھر پر دستی بم سے حملہ اور دیگر جرائم میں ڈسٹرکٹ حب، خضدار میں قتل اور رہزنی کی وارداتیں شامل ہیں۔

## تربت: دکان پر فائرنگ سے نوجوان زخمی

تربت (نامہ نگار) تربت کے نواحی علاقے گوکدان میں نامعلوم افراد نے دکان پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وسیم ولد محمد ایوب نامی نوجوان زخمی ہوگیا۔

## کوئٹہ: صفائی کرنیوالی ٹیم پر شاپنگ سنٹر کے مالک و دیگر کا حملہ، 12 افراد زخمی

**تنازع نالیوں کا کچرا نکالنے پر ہوا، 6 حملہ آور گرفتار، وزیر اعلیٰ نے سخت کارروائی کا حکم دیا ہے، کمشنر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قندھاری بازار میں صفا کوئٹہ کی ٹیم پر مقامی شاپنگ سنٹر کے مالک کا ساتھیوں سمیت حملہ زونل منیجر، سپروائزر سمیت 12 مزدور زخمی ہوگئے سٹی پولیس نے مقدمہ درج کر کے چھ حملہ آوروں کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق صفا کوئٹہ کی ٹیم زونل منیجر احسان اللہ اور سپروائزر امداد علی کی سربراہی میں قندھاری بازار میں مقامی شاپنگ سنٹر کے سامنے سیوریج لائن کی صفائی کر رہے تھے سیوریج کا کا کچرا باہر نکال کر ڈیوٹی ختم کر کے واپس جانے لگے تو سنٹر کا مالک محمد حسین اور اس کے ساتھیوں نے ٹیم کو کچرا اٹھانے کا کہا جس پر انہیں بتایا گیا کہ کچرا ابھی گیلا ہے صبح آٹھ بجے اٹھایا جائے گا جس پر تلخ کلامی ہوئی اور سنٹر کے مالک نے ساتھیوں سمیت صفا ٹیم پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں زونل منیجر احسان اللہ، سپروائزر نذیر احمد، مزدور عبدالمالک، علی محمد، عبدالمجید، امان اللہ، نعمت اللہ، گل حسن اور شبیر احمد شدید زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جبکہ مقدمہ درج کر کے چھ حملہ آوروں کو گرفتار کر لیا جبکہ دیگر کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ قندھاری بازار میں صفا کوئٹہ کے سینیٹیشن ملازمین پر حملہ ناقابل برداشت ہے یہ ایک شرمناک، دل دہلا دینے والا واقعہ ہے کہ جن محنت کشوں کا کام شہر کو صاف رکھنا، گندگی سے نالوں کو پاک کرنا اور عوام کی فلاح کے لیے دن رات محنت کرنا ہے، انہی پر ہاتھ اٹھایا گیا نہ صرف ان پر حملہ کیا گیا بلکہ انتظامیہ کو تجاوزات ہٹانے اور نالوں کی صفائی کی جاری مہم کو زبردستی روکنے کی کوشش کی گئی یہ رویہ نہ صرف قانون کی صریحاً خلاف ورزی ہے بلکہ سماجی طور پر بھی شدید تشویش کا باعث ہے اس افسوسناک واقعے کی فوری اطلاع وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کو دی گئی، جنہوں نے واقعے میں ملوث تمام عناصر کو جلد از جلد گرفتار کرنے اور قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی عمل میں لانے کے احکامات جاری کئے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## نصیرآباد پولیس کی کارروائی پان پراگ ایرانی سگریٹ برآمد، ملزم گرفتار

**ملزم سلیمان کھکی زیر استعمال فیلڈر گاڑی تحویل میں لے کر مزید کارروائی شروع**

نصیرآباد (نامہ نگار) ڈی آئی جی نصیرآباد رینج کیپٹن (ر) عاصم خان اور ایس ایس پی نصیرآباد غلام سرور بھیو کی خصوصی ہدایات اور احکامات کی روشنی میں پولیس تھانہ سٹی کی اہم کامیاب کارروائی منشیات پان پراگ اور ایرانی سگریٹ کی بھاری مقدار برآمد، ملزم گرفتار زیر استعمال فیلڈر کار سٹی پولیس کی تحویل میں اے ایس پی / ایس ڈی پی او سرکل سٹی محمد طیب اقبال کی زیر نگرانی، ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی سب انسپکٹر محمد عمر اعوان اور سی آئی اے انچارج نصیرآباد انسپکٹر سکندر علی رند و ملازمان کے ہمراہ دوران حسب چیکنگ کارروائی کرکے فیلڈر کار کے خفیہ خانوں سے 470 پیکٹ پان پراگ اور 90 ڈنڈے ایرانی سگریٹ برآمد کر کے ملوث ملزم سلیمان خان کھکی کو گرفتار کر کے زیر فیلڈر گاڑی کو اپنی تحویل میں لے کر مزید کارروائی شروع کر دی۔

## اوستہ محمد: سنگین مقدمات میں مطلوب چار ملزمان گرفتار

اوستہ محمد (نامہ نگار) پولیس تھانہ صدر اوستہ محمد اور سی آئی اے اسٹاف کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کریک ڈاؤن جھگڑے اور سنگین کے مقدمے میں روپوش چار ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد امجد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر اوستہ محمد منظور احمد جمالی نے موثر کارروائی کرتے ہوئے جھگڑے کے مقدمے میں مطلوب دو روپوش ملزمان کو گر......

بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

فتار کر لیا ہے۔ گرفتار ملزمان کی شناخت فیض محمد ولد میر محمد اور در محمد ولد نذر محمد کے ناموں سے ہوئی ہے۔ دونوں ملزمان قوم جنبانی سے تعلق رکھتے ہیں اور گوٹھ نزد فیض آباد جمالی کے رہائشی ہیں۔ مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے جبکہ دوسری کارروائی میں انچارج سی آئی اے اسٹاف مقبول حسین جمالی نے روپوش ملزمان محمد علی، بگزار اور رہی کو گرفتار کیا ہے مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی اور علاقے میں امن و قانون کی بالادستی کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔

## خضدار، سورگز میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص قتل

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار سورگز میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ ایک شخص قتل تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقہ سورگز میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ عبدالخالق ولد محمد عیسیٰ ساکن اناری حال باغبانہ اور مستقل رہائش ماراپ سوراب موقع پر جان بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق مقتول کی عمر 30 سال کی لگ بھگ ہیں نامعلوم مسلح افراد قتل کرنے کے......

بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس موقع واردات پر پہنچ کر نعش کو تحویل میں لیکر ٹیچنگ ہسپتال ایمرجنسی پہنچایا گیا۔ اور ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 5

Daily: MEEZAN QUETTA

Dated: 28 MAY 2025

Page No. 14

# وزیراعلیٰ بلوچستان کے تعلیم کے فروغ کیلئے موثر اقدامات!

گزشتہ روز پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت وثقافت اور رکن بلوچستان اسمبلی نوابزادہ میرزرین خان مگسی نے بیلہ میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (میل) سید حسن شاہ قریشی سے خصوصی ملاقات کی۔جس میں بیلہ سب ڈویژن میں جاری تعلیمی صورتحال درپیش چیلنجز اور مستقبل کی ترجیحات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران نوابزادہ میرزرین خان مگسی نے کہا کہ تعلیم ہر معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے اور بلوچستان کے بچوں کو معیاری اور آسان تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔آئندہ مالی سال کے بجٹ اور ترقیاتی سکیموں میں تعلیمی اداروں کی اسٹرکچر کی بہتری،اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے اور غیر فعال سکولوں کی بحالی کے لیے جامع تجاویز تیار کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی تعلیم کے فروغ کے لیے موثر اقدامات کررہے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی کی تعلیم کے فروغ کے لیے موثر اقدامات کی بات قابل تعریف ہے کیونکہ یہ حقیقت ہے انہوں نے جب سے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ صوبے کے دیگر مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ تعلیم کی جانب بھی بھرپور توجہ دے رہے ہیں۔انہوں نے اب تک صوبے میں سکولوں کی ایک بہت بڑی تعداد کو فعال کیا ہے جو کہ عرصے سے غیر فعال تھے۔جہاں تک تعلیم ہر معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہونے کی بات ہے تو یہ حقیقت پر مبنی ہے کیونکہ تعلیم سے ہی ترقی ملتی ہے۔افسوس کی بات یہ ہے کہ پچھے ادوار میں کئی سکولوں کو غیر فعال کیا گیا ان کی عمارتوں کو بااثر افراد اپنے ذاتی استعمال میں لاتے اور یہاں تعینات اساتذہ کرام گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کرتے رہے یہی صوبے میں تعلیمی پسماندگی کے اسباب ہیں جن کے باعث بلوچستان تعلیم کے میدان میں بھی دیگر صوبوں سے پیچھے رہا ہے۔اگر وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی تعلیم کے فروغ کے لیے موثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھتے ہیں تو پھر کوئی وجہ نہیں صوبے میں تعلیمی پسماندگی کا خاتمہ ممکن نہ ہو۔آئندہ مالی سال کے بجٹ میں تعلیمی معاملات کے بارے میں تجاویز رکھنا قابل احسن اقدام ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 MAY 2025 Page No. 15

# نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملہ، پولیس اہلکار کی شہادت، شدت پسندوں کا پولیو مہم سبوتاژ کرنے کی سازش!

بلوچستان کے ضلع نوشکی کے علاقے کلی محمد حسنی میں نامعلوم افراد کی انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار شہید ہو گیا، شہید پولیس اہلکار انسداد پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور تھا کہ دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے پولیس اہلکار عبدالوحید کو نشانہ بنایا۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا کہ نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار شہید ہوا، شہید اہلکار وحید کا تعلق جمال آباد نوشکی سے تھا۔ انسداد پولیو مہم قومی فریضہ ہے اس پر حملہ ناقابل برداشت ہے، جام شہادت نوش کرنے والے اہلکار کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، یہ حملہ قومی انسداد پولیو مہم کو سبوتاژ اور خوف و ہراس پھیلانے کی سازش ہے۔ شاہد رند کا کہنا تھا کہ تخریب کاروں کے خلاف کارروائی میں مزید تیزی لائی جائے گی اور حکومت انسداد پولیو ٹیموں، سیکیورٹی اہلکاروں کی حفاظت کو مزید موثر بنائے گی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملے کی مذمت کی گئی ہے۔ شہید پولیس اہلکار کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا ہے کہ پولیو کے خلاف جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی، ہم اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک پولیو کا مکمل خاتمہ نہ ہو جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے انسداد پولیو مہم ٹیم پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے فائرنگ سے پولیس اہلکار عبدالوحید کی شہادت پر اظہار افسوس کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے والی انسداد پولیو ٹیم پر حملہ ناقابل برداشت ہے، انسداد پولیو مہم پر حملہ کرنے والے شرپسند عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی نوشکی میں فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے شہید پولیس اہلکار عبدالوحید کو خراج عقیدت پیش کیا اور لواحقین سے ہمدردی و اظہار تعزیت کیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکار عبدالوحید نے شہادت کا عظیم رتبہ پایا، بچوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے مامور ٹیم پر حملہ ناقابل برداشت ہے، بچوں کے صحت مند مستقبل پر حملہ کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ بہرحال یہ انتہائی افسوسناک عمل ہے کہ شدت پسند عناصر پولیو مہم کو سبوتاژ کرنے کیلئے پولیو ٹیم کو نشانہ بناتے ہیں جبکہ انہی شدت پسندوں کی جانب سے پولیو ویکسین کے خلاف منفی پروپیگنڈہ بھی کیا جاتا ہے۔ بلوچستان کے متعدد علاقوں میں اب تک بعض لوگ بالخصوص افغان مہاجرین مذہبی بنیادوں پر پولیو کے قطرے پلانے والے رضاکاروں کیلئے مشکلات پیدا کرتے ہیں کیونکہ ان علاقوں میں لوگ ابھی تک یہ سمجھ رہے ہیں کہ یہ ویکسین مستقبل میں فیملی پلاننگ کیلئے استعمال ہوگی۔ نوشکی میں یہ پہلا واقعہ نہیں کہ پولیو ٹیم کو نشانہ بنایا گیا ہے جب بھی پولیو مہم کا آغاز کیا جاتا ہے تو یہ عناصر سرگرم ہو جاتے ہیں، منفی پروپیگنڈہ کے ذریعے عوام میں غلط فہمیاں پیدا کرتے ہیں اور پولیو ٹیموں کو نشانہ بناتے ہیں، ایسے عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹنے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان سمیت ملک بھر میں پولیو جیسے موذی مرض کا پھیلاؤ مستقبل میں تشویشناک صورتحال اختیار کرے گا لہٰذا اس پر ریاست تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے معصوم بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے شدت پسندوں کے خلاف سخت کارروائی کرے، جبکہ عوام میں پولیو ویکسین کیلئے آگاہی مہم پر خصوصی توجہ دے جس میں تمام مکاتب فکر کے لوگوں کے ساتھ مل کر کام کرے تاکہ پولیو مہم کے اہداف حاصل کرنے کے ساتھ اس موذی مرض کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No 5

Dated: 28 MAY 2025 Page No. 16


## بلوچستان اسمبلی، خضدار بس خودکش حملے سے متعلق مذمتی قرارداد منظور

بلوچستان اسمبلی نے آرمی پبلک سکول خضدار کی بس پر خودکش حملے کا نوٹس لیتے ہوئے بزدلانہ و انسانیت سوز اور خودکش حملے کی مذمتی قرارداد منظور کرلی۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ اور اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کی مشترکہ قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا گیا کہ 21 مئی 2025 کو آرمی پبلک سکول خضدار کی بس پر ہونے والے بزدلانہ و انسانیت سوز اور خودکش حملے کا یہ ایوان شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ جس میں 8 بچے اور معصوم طلباء سمیت کئی بے گناہ لوگ شہید اور متعدد افراد زخمی ہوئے۔ یہ واقعہ نہ صرف ظلم و بربریت کی انتہا ہے بلکہ مستقبل کے معماروں، پاکستان کی نئی نسل اور علم و امن کی روشنی کو نشانہ بنانے کی گھناؤنی کوشش ہے، جو پاکستان کے امن، قومی سلامتی اور تعلیم دشمن عناصر کی ایک مذموم سازش ہے۔ یہ ایوان صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ دہشت گردی کے اس سفاکانہ حملے میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچانے کی بابت فوری اقدامات اٹھائے۔ یہ ایوان دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ شہداء کرام کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل اور زخمیوں کو جلد صحت یاب فرمائے (آمین)۔ قرارداد پر بات کرتے ہوئے قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ خضدار میں اسکول بچوں کی بس اور ان پر حملہ کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے اتنے بڑے واقعہ کے بعد وزیراعظم ایک گھنٹے کیلئے آئے اور چلے گئے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے رکن انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ پورے کے پی کے میں دہشت گردی ہو رہی ہے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد نہیں ہوا دہشت گردی پر قابو پانے کیلئے اس کا راستہ اختیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حالات بندوق سے نہیں بلکہ لوگوں کو اکٹھا کر کے کنٹرول کیا جائے ہمیں امن و امان پر ان کیمرہ بریفنگ دی جائے۔ نیشنل پارٹی کی رکن کلثوم نیاز بلوچ نے کہا کہ اس واقعہ سے لگتا ہے کہ یہاں حکومت کی رٹ نہیں ہے، صوبے کا کوئی شہر محفوظ نہیں ہے۔ وزیراعلیٰ کی مشیر ... نے کہا کہ خضدار میں اسکول بچوں کو نشانہ بنایا گیا ہمارے پاس ثبوت ہیں کہ بھارت ہمارے دشمنوں کو مدد کر رہا ہے ہماری سیکورٹی فورسز نے کئی خودکش حملہ آوروں کو پکڑا ہے اب وقت آگیا ہے کہ ہمیں دہشت گردی کے خلاف مشترکہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی نظریہ اور نہ کوئی مذہب ہوتا ہے، دہشت گردی کے تانے بانے ہمسایہ ملک بھارت سے ملتے ہیں انڈیا کا مقصد ہماری ترقی کو روکنا ہے دہشت گرد جو کچھ کرلیں ہم ان کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول بچوں اور مسافروں نے ان کا کیا بگاڑا تھا انڈیا کے گھمنڈ کو ہماری افواج نے خاک میں ملادیا ہماری فورسز ان دہشت گردوں کا خاتمہ کریں گی۔ مسلم لیگ (ن) کے رکن زرک خان مندوخیل نے کہا کہ بچوں کو ٹارگٹ کر کے بلوچستان کو آزاد کرنا چاہتے ہیں، یہ خواب ہی ہے سیکورٹی فورسز اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہیں اور شہادتیں دے رہی ہیں دہشت گردوں کے خلاف سب کو متحد ہونا چاہیے کہ لوگوں کو ورغلایا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 MAY 2025

Page No. 17


## یوم تکبیر کا پورا مہینہ

28 مئی 1998 کو پاکستان نے چاغی کے پہاڑوں میں کامیاب ایٹمی دھماکوں کے ذریعے دنیا کو اپنی دفاعی صلاحیتوں کا لوہا منوایا یہ دن صرف ایک تاریخی واقعہ نہیں بلکہ پاکستان کی خودمختاری، سائنس و ٹیکنالوجی میں ترقی، اور قومی وحدت کی علامت بن گیا اس سال یوم تکبیر کو ایک دن کے بجائے پورا مہینہ منایا جا رہا ہے، کیونکہ پاکستان نے


تحریر۔ طارق خان ترین


حالیہ عرصے میں بھارت کے خلاف اپنی فوجی برتری کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے بھارت کی جارحانہ کارروائیوں کے جواب میں پاکستان نے "بنیان مرصوص" (SteelofWall) کے تحت بھارتی فضائیہ کے تین رافیل، ایک مگ-29، اور ایک ایس یو-30 طیارے مار گرائے، جبکہ بھارتی بریگیڈ ہیڈکوارٹر اور 80 کے قریب اسرائیلی ساختہ ڈرونز کو تباہ کر دیا 10 مئی کی رات پاکستان نے بھارت کی فضائی حدود میں داخل ہو کر درجنوں اہم فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا، جس میں بھارت کا جدید ترین ایئر ڈیفنس سسٹم ایس-400 بھی شامل تھا یہ کارروائی نہ صرف پاکستان کی فوجی صلاحیتوں کا ثبوت تھی بلکہ اس نے بھارت کے غرور کو خاک میں ملا دیا پاک فضائیہ، بری فوج، اور بحریہ نے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کرتے ہوئے بھارت کو واضح پیغام دیا کہ وہ کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے گی عوام نے اپنے فوجیوں کی پشت پر کھڑے ہو کر بھارتی میڈیا کے پروپیگنڈے کو ناکام بنا دیا بھارت نے اپنی شکست کا بدلہ لینے کے لیے پراکسی جنگ کا راستہ اپنایا اور بلوچستان میں دہشت گردی کو ہوا دی فتنہ الہند کے تحت کام کرنے والے عناصر نے امن و امان کو خراب کرنے کی کوشش کی، لیکن پاکستان کی مسلح افواج نے ان کا بھرپور مقابلہ کیا اب تک 50 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا ہے، جبکہ باقی ماندہ عناصر کو بھی جلد ناکارہ بنانے کے لیے آپریشنز جاری ہیں پاکستان اپنی سرزمین پر امن قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور کسی بھی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا 7 مئی سے لے کر اب تک پورا پاکستان اپنی فوجی کامیابیوں پر جشن منا رہا ہے عوام اپنے جوانوں کی بہادری پر فخر محسوس کر رہے ہیں اور اللہ کے حضور سجدہ شکر بجا لا رہے ہیں یوم تکبیر صرف ماضی کی یاد نہیں، بلکہ موجودہ دور میں پاکستان کی طاقت اور عزم کا اظہار ہے قوم ایک بار پھر متحد ہو کر یہ پیغام دے رہی ہے کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور کوئی بھی دشمن اس کی خودمختاری کو چیلنج نہیں کر سکتا پاکستان کی ایٹمی طاقت صرف ایک ہتھیار نہیں، بلکہ قومی سلامتی کی ضمانت ہے 1998 کے ایٹمی دھماکوں نے خطے میں توازن قائم کیا اور بھارت کو یہ باور کرایا کہ وہ پاکستان کے خلاف کوئی بڑی جارحیت نہیں کر سکتا آج بھی پاکستان کا دفاعی نظریہ واضح ہے: "امن ہمارا مقصد ہے، لیکن جنگ مسلط کی گئی تو ہم اس کا جواب دیں گے۔" یہی وہ سوچ ہے جس نے پاکستان کو خطے میں ایک طاقتور ملک بنا دیا ہے یوم تکبیر کے موقع پر ہمیں اپنے سائنسدانوں، فوجیوں، اور قائدین کا احسان مند ہونا چاہیے جنہوں نے انتھک محنت سے ملک کو ناقابل تسخیر بنایا ڈاکٹر عبدالقدیر خان جیسے ہیروز کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں ان کی کوششوں کی بدولت آج پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک باوقار قوم کے طور پر موجود ہے ہمیں اپنی دفاعی خودکفالت پر فخر ہے اور اسے مزید مضبوط بنانے کے لیے کام جاری رکھنا ہوگا پاکستان کی حالیہ فوجی کامیابیاں نہ صرف ملک کے اندر بلکہ بیرون ملک بھی زیر بحث ہیں بین الاقوامی میڈیا نیویارک ٹائمز، دی گارڈین، الجزیرہ، سکائی نیوز، اور سی این این نے بھی تسلیم کیا ہے کہ پاکستان نے بھارت کو ایک واضح سبق سکھایا ہے اس سے نہ صرف پاکستانی عوام کا مورال بلند ہوا ہے بلکہ دشمن کے حوصلے پست ہوئے ہیں پاکستان کی مسلح افواج کی کارکردگی نے ثابت کیا ہے کہ وہ جدید ترین جنگوں کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں یوم تکبیر کا یہ مہینہ ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ ہمیں اپنی قومی یکجہتی کو مزید مضبوط کرنا ہوگا دشمن ہمیشہ ہمارے اندر تقسیم پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے، لیکن ہم نے ثابت کیا ہے کہ جب قوم ایک ہو جائے تو کوئی طاقت اسے شکست نہیں دے سکتی پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ ہم نے ہر مشکل وقت میں متحد ہو کر مشکلات کا مقابلہ کیا ہے آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مزید بڑھائیں اور سائنس و ٹیکنالوجی میں خودکفالت حاصل کریں دشمن کی سازشوں کو ناکام بنانے کے لیے ہمیں ہوشیار رہنا ہوگا یوم تکبیر کا یہ مہینہ ہمیں یہ عہد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے ملک کی ترقی اور سلامتی کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ پاکستانی ایک عظیم قوم ہے جس نے ہر مشکل وقت میں اپنی بقاء کے لیے بھرپور جدوجہد کی ہے یوم تکبیر ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ ہم اپنی خودمختاری کی حفاظت کریں اور مل کر کام کریں پاکستان زندہ باد! پاکستان پائندہ باد!

# "جنوبی بلوچستان! ترقی اور سیکیورٹی ایک مشترکہ ذمہ داری سیمینار"



افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

گذشتہ دنوں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی جانب سے بلوچستان کے ضلع کیچ میں "ترقی اور سیکیورٹی ایک مشترکہ ذمہ داری" کے عنوان سے ایک اہم سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس کا بنیادی مقصد معاشرے میں اس فہم اور شعور کو اجاگر کرنا تھا کہ امن وامان کا قیام، قانون کی بالادستی اور دہشت گردی وجرائم کا خاتمہ صرف ریاستی اداروں کی نہیں، بلکہ پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور امن کے بغیر ترقی اور خوشحالی ناممکن ہے۔ اس سیمینار میں اراکین اسمبلی بلوچستان، مقامی سیاست دانوں، سول انتظامیہ، سیکیورٹی اداروں کے نمائندگان، انجمن تاجران، وکلاء، ڈاکٹرز، دانشور ور، قبائلی عمائدین، صحافیوں سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

مقررین میں صوبائی وزیر بلوچستان اسمبلی برائے منصوبہ بندی وترقی ظہور بلیدی، صوبائی وزیر برائے کھیل وامور نوجوانان مینا مجید اور ڈائریکٹر بلوچستان تھنک ٹینک ڈاکٹر سراج بشیر شامل تھے، جنہوں نے اپنے خطابات میں اس بات پر زور دیا کہ علاقے میں دیرپا امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے عوام کی بھرپور شمولیت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ قریبی ہم آہنگی انتہائی ضروری ہے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ آج ہمیں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنے اداروں کا ساتھ دینا ہوگا، متحد ہوکر دشمن کا مقابلہ کرنا ہوگا، سیسہ پلائی دیوار بننا ہوگا تبھی جاکر ہم ایک ترقی یافتہ اور خوشحال معاشرے کو تشکیل دے پائیں گے۔ اس موقع پر آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایف سی (ساؤتھ) اپنے ذمہ داری کے علاقوں میں سیکیورٹی کی فراہمی سے لیکر جنوبی بلوچستان میں ترقی کے لیے کلیدی کردار ادا کررہی ہے۔ اس کے علاوہ تعلیم کی ترسیل، صاف پانی کی فراہمی، صحت کی سہولیات اور مختلف اوقات میں آنے والی قدرتی آفات میں گراں قدر خدمات شامل ہیں۔ ایف سی (ساؤتھ) نے شعبہ تعلیم اور شعبہ صحت پر خاص توجہ دی ہے۔ بلوچستان میں اس وقت ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی زیر نگرانی 110 اسکول چل رہے ہیں جس میں 561 سے زائد طلباء کو مفت تعلیم دی جارہی ہے جہاں ان طلبہ کو نہ صرف اعلیٰ تعلیم مہیا کی جارہی ہے بلکہ معاشرے کے لیے ان کو ایک بہترین انسان کے طور پر تیار کیا جارہا ہے۔ بلوچ نوجوانوں کو تعلیم کی طرف راغب کرکے بلوچ معاشرے میں نئی سوچ کو جنم دیا ہے۔ رواں ماہ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی جانب سے گرلز کیڈٹ کالج تربت سے فارغ التحصیل 64 کیڈٹس میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے ہیں جس کا مقصد نوجوانوں کو بااختیار بنانا اور جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کروانا ہے۔ نہایت خوش آئند خبر ہے کہ کوئٹہ گرلز کیڈٹ کالج میں گریجویشن سطح پر چار سالہ بیچلر پروگرام کا آغاز کیا جاچکا ہے۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد یہ کیڈٹس کسی بھی شعبے میں اپنا کردار ادا کرسکتی ہیں، خواہ وہ فوج ہوں یا دیگر پیشے۔ "تعلیم یافتہ خواتین" ایف سی (ساؤتھ) کا مشن ہے کیونکہ ایک عورت کو تعلیم دینے کا مقصد ایک قوم کو تعلیم دینا ہے۔ اسی طرح ایف سی بلوچستان (ساؤتھ)، مند میشا ء کی جانب سے ... کالج تمپ میں شاندار آرٹس و سائنسی نمائش کا انعقاد کیا گیا جس میں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول تمپ اور گورنمنٹ ہائی اسکول نظر آباد کی طالبات نے بھرپور شرکت کی اس نمائش کا مقصد سائنس میں دلچسپی رکھنے والے طلباء کو سائنسی میدان میں مواقع فراہم کرنا تھا تاکہ وہ اپنی صلاحیتیں دنیا کو دکھا سکیں۔ اس سائنسی نمائش میں دونوں اسکولوں کی طالبات نے مختلف سائنسی اور فنی ماڈلز پیش کیے۔ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ پیش کرنے والی طالبات میں Tablets Computer جبکہ دیگر 100 طالبات کو Watches Smart بطور انعام دی گئیں، جبکہ دو اسکولوں کے لیے سولر سسٹم کی تنصیب اور انتظامی امور کے لیے پندرہ پندرہ لاکھ عطیہ دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شعبہ صحت کے حوالے سے ایف سی (ساؤتھ) نے گذشتہ ماہ اپریل 2025 میں جنوبی بلوچستان کے دوردراز علاقوں میں، جہاں طبی سہولیات کا فقدان ہے، میں 257 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا، جن میں دشت، مند، آواران، بجگور (جیرک۔ چیدگی) خاران اور ماشکیل کے علاقے شامل ہیں۔ ان میڈیکل کیمپوں میں ماہر ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی زیر نگرانی مجموعی طور پر 10155 مریضوں کو مفت علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ مریضوں کو طبی معائنے اور لیبارٹری ٹیسٹوں کی سہولیات کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی مہیا کی گئیں۔ خواتین کے خصوصی چیک اپ کے لیے پاکستان آرمی کی ماہر گائناکالوجسٹ کی خصوصی خدمات بھی فراہم کی گئیں۔ ماہ جنوری 2025ء سے اب تک ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے 141 دہشت گردانہ کارروائیوں کو بروقت ناکام بنایا، جو کہ ممکنہ طور پر بڑے سانحات کا سبب بن سکتی تھیں۔ فلاح وبہبود اور سماجی شعبے میں ایف سی کے کردار پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بیواؤں کے لیے گھروں کی تعمیر، اسکولوں، مدارس اور بنیادی مراکز صحت کی بحالی، سولر سسٹم اور آر او پلانٹس کی فراہمی، کھیلوں کی سرگرمیاں کے انعقاد، عوامی مسائل کے حل کے لیے جرگوں اور کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے زیر اہتمام پورے جنوبی بلوچستان میں سڑکوں کا جال بچھایا جارہا ہے۔ اس وقت تربت، مند روڈ پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے۔ اسی طرح ایف سی (ساؤتھ)، دشت اسکاؤٹ کے زیر اہتمام ایک فلاحی پروگرام کا اہتمام کیا گیا، جس میں بچوں میں کھلونے، کھیل کا سامان، اسکول بیگز اور اسٹیشنری تقسیم کی گئی، مستحق خواتین کو کپڑے فراہم ... تاکہ وہ باعزت طریقے سے اپنی روزی کما سکیں۔ آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا کہنا تھا کہ فتنہ الہندوستان کی سرپرستی میں کالعدم تنظیمیں اور مٹھی بھر دہشت گرد بلوچستان میں امن وامان کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کررہے ہیں، مگر وہ اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکیں گے کیونکہ غیور محب وطن بلوچ عوام اور تمام ادارے ایک پیج پر ہیں۔ یوم تشکر کے حوالے سے انہوں نے قومی اتحاد کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کیچ کے عوام سے امید ظاہر کی کہ وہ ہمیشہ اسی طرح سیکیورٹی اداروں اور انتظامیہ کے شانہ بشانہ کھڑے ہوکر اپنی ذمہ داریاں بخوبی نبھائیں گے۔ سیمینار کے اختتام میں کیچ لیزان کمیٹی کے قیام کا فیصلہ کیا گیا، جو باہمی ہم آہنگی، موثر رابطے اور مسائل کے حل کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ اس موقع پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا بھرپور احساس کریں گے اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مل کر ایک مثبت اور فعال کردار ادا کریں گے، ایک پرامن اور خوشحال بلوچستان کے لیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 MAY 2025

Page No. 19




CamScanner